نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

25 اگست 2010ء

برائے فوری اجراء

457/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

پاکستان میں متاثرین سیلاب کی جلد بحالی کیلئے 50 ملین ڈالر کی امریکی اعانت

اسلام آباد (25 اگست 2010ء) ___ امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یو ایس ایڈ) کے ایڈمنسٹریٹر ڈاکٹر راجیو شاہ نے آج اعلان کیا ہے کہ امریکہ پاکستان میں سیلاب سے متاثر ہونے والے لوگوں کی مدد کیلئے 50 ملین ڈالر فراہم کر رہا ہے۔

ڈاکٹر راجیو شاہ نے یہ اعلان امریکی طیارے سی۔130 کی امدادی پرواز کے ذریعے سکھر پہنچنے کے بعد کیا۔ یہ طیارہ سیلاب سے متاثرہ خاندانوں کو سر چھپانے کے ٹھکانے فراہم کرنے کیلئے پلاسٹک کی شیٹس لے کر وہاں گیا تھا۔ سکھر میں اپنے قیام کے دوران ڈاکٹر شاہ نے سیلاب سے جزوی طور پر شکستگی کا شکار ہونے والے سکھر بیراج کا دورہ کیا اور مقامی حکام سے امدادی سرگرمیوں کے بارے میں بات چیت کی۔ انھوں نے سیلاب سے متاثرہ خاندانوں سے گفتگو کی اور طبی کلینکوں کا دورہ بھی کیا۔

متاثرین کی جلد بحالی کیلئے فراہم کی جانے والی 50 ملین ڈالر کی یہ رقم پاکستان کے ساتھ وسیع تر شراکت داری کے ایکٹ 2009ء، جو کیری لوگر برمن بل کہلاتا ہے، کے تحت مختص کردہ فنڈز سے ادا کی جائے گی۔ مزید رقم سے جلد بحالی کے پروگراموں، مثلاً علاقے کے انفراسٹرکچر اور روزگار کمانے کی سرگرمیوں کو بحال کرنے میں مدد ملے گی۔

پاکستان میں آنے والے سیلاب پر یو ایس ایڈ کے ہنگامی ردعمل کے بارے میں مزید جاننے کیلئے یہ ویب سائٹ ملاحظہ کریں:

www.usaid.gov

###

مزید پریس ریلیز اور پاک امریکہ تعلقات کے بارے میں اطلاعات کیلئے ہماری ویب سائٹ

http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹر زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800